## گھریلو مشورے

### مچھروں سے بچاؤ کی تدابیر

مندرجہ ذیل معلومات مچھروں کی افزائش روکنے کے لئے عوام الناس کی مدد کے لئے دی جارہی ہیں جس سے وہ اپنے گھر اور ارد گرد کے علاقوں میں مچھروں Aedes alhopictus پر قابو پاسکتے ہیں۔

2 : مچھروں کا مسئلہ

مچھر انسان کے لئے بڑی پریشانی کا سبب ہیں۔ ان کی کچھ اقسام یہاں تک انسانی صحت کے لئے خطرہ ہیں کہ وہ ڈینگو بخار جیسی بیماریوں کے باربردار ہیں۔ ڈینگو بخار ایک سخت قسم کی بیماری ہے جو مچھر کے کاٹنے سے پیدا ہوتی ہے جس میں تیز بخار، سر درد، دھپڑ یا لال دھبے اور جوڑوں اور پٹھوں کا درد جیسی علامات شامل ہیں۔ Aeded al-phopictus جو ڈینگو بخار اور ڈینگو فالج بخار کا باربردار ہے ہانگ کانگ میں پایا جاتا ہے۔ یہ شہری اور دیہاتی علاقوں میں پرورش پاتا ہے اور اس کی افزائش کی جگہوں کو دو گروہوں درجوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ : مصنوعی ذخائر جیسے بالٹیاں، بے کار ٹائر، ناشتے دان اور ڈول اور قدرتی جگہیں جیسے درختوں کے سوراخ، بانسوں کے ٹنڈ اور پتوں کے بغل گوشے یا پتوں کے گوشے۔

3 : مچھر تدارک پروگرام

مچھروں کے مسئلے پر قابو پانے کے لئے اور گھروں اور ارد گرد کے علاقوں جیسے چھتوں کے اوپر، بالکونیوں (چھجوں پر) قمقموں کے جنگلوں، گاڑیاں کھڑی کرنے کے مقامات اور باغات میں ان کی افزائش روکنے کے لئے گھر کے ہر فرد کو مچھر مار مہم میں حصہ لینا چاہئے۔ لہذا یہ ضروری ہے کہ لوگ ان جگہوں کے لئے خود مچھر مار پروگرام بنائیں جہاں وہ رہتے ہیں۔

**مقاصد**

4۔ مچھر مار پروگرام کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں

i) مچھروں کے مسئلے پر قابو پانے کے لئے خاندان کے ہر فرد کی حوصلہ افزائی کی جائے تاکہ گھروں اور ملحقہ علاقوں میں ان کی افزائش سے محفوظ رہا جا سکے۔

ii) مچھروں کی افزائش کی تمام جگہوں کا خاتمہ خاص طور پر ہر قسم کے پانی کے ذخائر اور

iii) مچھروں پر قابو پانے کی اہمیت کی سمت خاندان کے ہر فرد کی آگاہی میں اضافہ کرنا اور ڈینگو بخار کی بابت ان کو ہوشیار رہنے کی یاد دہانی کروانا کام کرنے کا طریقہ کار

5۔ جیسا کہ مچھروں کے انڈوں کو بڑھ کر مکمل مچھر بننے میں تقریباً سات دن کا عرصہ لگتا ہے گھر میں ممکنہ افزائش کی جگہوں کا ہفتے میں ایک مرتبہ ضرور معائنہ کرنا چاہئے۔

**مچھروں کے تدارک اور روک تھام کے اقدامات**

6۔ کچھ جگہیں جہاں عام طور پر مچھروں کی افزائش ہوتی ہے اور ان کو ختم کرنے کے طریقے مندرجہ ذیل چارٹ (جدول) میں دیئے گئے ہیں :

i) گھر کے اندر

| افزائش کی جگہ | مسئلے کی وجہ | تدارک اقدام | تبصرہ |
|---|---|---|---|
| پھولوں کے گلدان | گلدانوں کا پانی مچھروں کی افزائش کیلئے جگہ فراہم کرتا ہے | گلدانوں کا پانی ہر ہفتے بدلنا چاہیے گلدانوں کی اندرونی سطح اچھی طرح صاف کریں | |
| سجاوٹ کے پودوں کے گملوں کے نیچے رکھی جانے والی تھالیاں یا پلیٹیں | زیادہ پانی دینے کی وجہ سے پانی نیچے پلیٹوں میں جمع ہو جاتا ہے۔ | پانی دینے کے فوراً بعد پلیٹوں میں سے پانی پھینک دیں | گملوں کے نیچے پلیٹیں نہ رکھیں۔ |
| کنڈیشنر کے نیچے کی تھالی یا ٹرے | ان تھالیوں میں پانی جمع ہو سکتا ہے | پانی اچھی طرح صاف کریں، پھینک دیں | مچھروں کا معائنہ کرتے وقت ان تھالیوں کو اکثر نظر انداز کر دیا جاتا ہے |

ii) چھتوں کے اوپر اور بالکونیوں (چھجوں) میں

| افزائش کا مقام | مسئلے کی وجہ | تدارک اقدام یا روک تھام کا طریقہ | تبصرہ |
|---|---|---|---|
| پھولوں کے گلدان | گلدانوں کا پانی مچھروں کی افزائش کیلئے جگہ فراہم کرتا ہے | گلدانوں کا پانی ہر ہفتے کم از کم ایک مرتبہ ضرور بدلنا چاہیے گلدان کی اندرونی سطح صاف کریں | |
| سجاوٹ کے پھولوں کے گلدان | زیادہ پانی مچھروں کی افزائش کیلئے جگہ فراہم کرتا ہے | گلدانوں کا پانی ہر ہفتے کم از کم ایک مرتبہ ضرور بدلنا چاہیے گلدان کی اندرونی سطح صاف کریں | پودوں کے گملوں کے نیچے |
| پانی بھرنے کے برتن | باہر رکھے ہوئے برتنوں میں بارش کا پانی فوراً جمع ہو جاتا ہے | برتن ڈھک کے رکھیں | برتنوں میں پانی بھرنے کے بجائے پانی کا نلکا لگوائیں۔ |
| چھت کے گٹر اور چھت پر جمع ہونے والے پانی کے نکاس کے ذرائع | 1) چھت کے ناقص بنے ہوئے گٹر اور چھت کی سطح کے پانی کے نکاس کے ذرائع فوراً پانی جمع کر لیتے ہیں | 1) ان کی مرمت کروانی چاہیے | |
| | 2) کوڑے یا پتوں سے بند ہو جاتے ہیں | 2) ہر ہفتے باقاعدگی سے پتے اور کوڑا کرکٹ صاف کریں | |

iii) دوسرے (باغ لانوں کے جنگلے اور گاڑی کھڑی کرنے کے مقامات)

| پلنے کی جگہ یا افزائش کی جگہ | مسئلے کی وجہ | تدارک اقدام یا روک تھام کا اقدام | تبصرہ |
|---|---|---|---|
| 1) پھولوں کے گلدان<br>2) سجاوٹ کے پھولوں کے گلدان | 2) گلدانوں کا پانی مچھروں کی افزائش کیلئے جگہ فراہم کرتا ہے | 2) گلدانوں کا پانی ہر ہفتے بدلنا چاہیے، گلدانوں کی اندورنی سطح اچھی طرح صاف کریں | |
| کوڑا، خاص طور پر بے کار بوتلیں اور ڈبے | پانی آسانی سے جمع کر لیتے ہیں، پانی آسانی سے ذخیرہ کر لیتے ہیں | پھینکنے والے پلاسٹک کے تھیلوں میں رکھیں جن کا منہ اوپر سے بند کیا جانا چاہیے اور انہیں بڑے ڈبوں میں ڈھک کے رکھنا چاہیے | |
| پانی بھرنے کے برتن | پانی آسانی سے جمع کر لیتے ہیں، پانی آسانی سے ذخیرہ کر لیتے ہیں | پھینکنے والے پلاسٹک کے تھیلوں میں رکھیں جن کا منہ اوپر سے بند کیا جانا چاہیے اور انہیں بڑے ڈبوں میں ڈھک کے رکھنا چاہیے | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| درختوں کے سوراخ اور بانسوں کے خول | پانی جمع ہونے کے قدرتی ذرائع ہیں | پانی نکال دیں یا مٹی، ریت یا سیمنٹ سے اچھی طرح بھر دیں | |
| بے کار پہیے جو ٹکر سے بچنے کیلئے استعمال ہوتے ہیں | بارش کا پانی اور گاڑی دھونے والا پانی ان میں جمع ہو جاتا ہے | بڑے بڑے سوراخ کر دیں | ترجیحی طور پر ٹائروں کے بجائے فرش پر نشانات لگائے جائیں |
| پانی بہنے کے راستے | 1) ناقص بنے ہوئے یا خراب راستوں میں پانی آسانی سے جمع ہو جاتا ہے | 1) ان کی مرمت کی جانی چاہیے | |
| | 2) کوڑے یا پتے جمع ہونے سے راستے بند ہو جاتے ہیں | 2) ہفتے میں کم از کم ایک مرتبہ پتوں اور کوڑے کرکٹ کی صفائی کریں | |
| تالاب | گندہ پانی مچھروں کی افزائش میں معاون ہوتا ہے | تالاب میں لاروے کھانے والی مچھلی رکھیں | |

7 : گھروں میں بڑے مچھر گھریلو مچھر مار (Aerosol) دواؤں سے ختم کیے جا سکتے ہیں۔

8 : مچھر کے لاروں کا خاتمہ عام طور پر اس وقت کرنا چاہیے جب افزائش کے ذرائع اور ممکنہ افزائش کی جگہوں کو ایک ہفتے کے اندر ختم نہ کیا جا سکے۔

اقدامات کی فہرست (لسٹ) کی پڑتال

9 : پیرا نمبر 6 میں دیئے گئے پروگرام کی تیاری کی مدد کیلئے ایک چیک لسٹ بنائی جا سکتی ہے جس میں مچھروں کے خاتمے، ان کی افزائش کی جگہوں اور کیے جانے والے اقدامات شامل ہوں۔

10 : مچھروں کے خاتمے اور ان کی روک تھام کے لئے جراثیم کش کمپنی کی خدمات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ مچھروں پر قابو پانے کیلئے محکمہ خوراک اور ماحولیاتی صفائی کے شعبے سے مشورہ لیا جا سکتا ہے۔ چارٹ دیکھیں۔